سوال

(265) دودھ روکے ہوئے جانور کی فروخت کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ جب گائے، بھینس اور بکری وغیرہ بیچنا چاہتے ہیں تو انہیں منڈی میں لانے سے پہلے چند دن ان کا دودھ نہیں دوہتے۔ اسلام کا اس سلسلے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام خیر خواہی کا دین ہے، ایسے معاملات جن میں ضرر و غرر (دھوکہ) پایا جاتا ہو اسلام نے ان سے منع کیا ہے جیسے ہوا میں ارتے ہوئے پرندوں کی بیع، دریا میں موجود مچھلیوں کی بیع، جانور کے پیٹ میں موجود بچہ کی خرید و فروخت اسی اصول کے پیش نظر جائز نہیں، عام طور پر مشاہدہ میں آیا ہے کہ جو بیوپاری دودھ دینے والے جانوروں کو منڈی میں لاتے ہیں تو وہ کچھ دن قبل جانور کا دودھ نہیں نکالتے تاکہ تھن بھرے بھرے دکھائی دیں اور خریدار سمجھے کہ یہ جانور زیادہ دودھیلہ ہے۔ لیکن جب وہ ایسے جانور کو اپنے ہاں لے جاتا ہے تو پتہ چلتا ہے اس کے ساتھ تو فراڈ ہوگیا ہے۔ جانور کا دودھ تو اتنا نہیں جتنا ظاہر الگ رہا تھا۔ اصطلاح شریعت میں اسے بیع مصراة کا نام دیا جاتا ہے۔ اسلام نے اپنے ماننے والوں کو اس بیع سے روکا ہے۔ ارشاد نبوی ہے:

(لا تصروا الآبل والغنم) (بخاري، البيوع، النهى للبائع ان لا يحفل الابل والبقر والغنم وكل محفلة، ح: 2148)

''اونٹوں اور بکریوں (کو بیچنے کی غرض سے ان) کا دودھ تھنوں میں نہ روک رکھو۔''

دوسری حدیث میں آتا ہے:

(ولا تصروا والغنم) (ایضا، ح: 2150)

اگر کسی نے ایسا جانور خرید لیا ہو تو اسے اختیار ہوگا کہ چاہے تو رکھ لے یا تین دن کے اندر اندر واپس کردے، ساتھ (ازراہِ تالیفِ قلب یا احسان) ایک صاع کھجور بھی دے۔ ارشاد نبوی ہے:

(فمن ابتاعها بعد فإنه بخير النظرين بين أن يحتلبها ان شاء أمسك إن شاء ردها وصاع تمر) (ایضا، ح: 2148)

دوسری حدیث میں ہے :

(إذا ما أحدکم اشتری لقحۃ مصراۃ أو شاۃ مصراۃ فھو بخیر النظرین بعد أن یحلبھا إما ھی و إلا فلیردھا و صاعا من تمر) (مسلم، البیوع، حکم بیع المصراۃ، ح: 1524)

ایک حدیث میں تین دن کا بھی ذکر ہے، ارشاد نبوی ہے :

(من ابتاع شاۃ مصراۃ فھو فیھا بالخیار ثلثۃ أیام ۔۔۔) (ایضا)

بعض راویوں نے ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے (وھو بالخیار ثلثا) کے الفاظ بھی نقل کیے ہیں۔

اگر خریدار کو ایسی صورت حال کا تین دن سے پہلے پتا چل جائے تو اسی وقت واپس کر دے مزید تاخیر نہ کرے۔

یہاں ایک مسئلہ قدرے وضاحت طلب ہے کہ کیا کھجور کے علاوہ کسی اور جنس کا غلہ بھی دیا جا سکتا ہے یا صرف کھجور ہی دینی چاہیے۔ زیادہ تر احادیث میں (صاعا من تمر) (کھجور کا ایک صاع) کا ذکر ملتا ہے، اور ان احادیث کے اولین مخاطب عرب تھے کہ جن کی زیادہ تر گزر بسر کھجور پر ہوتی تھی۔ کھجور ایک طرح کا تیار شدہ کھانا ہے۔ ابن سیرین سے (صاعا من طعام) (کھانے کا ایک صاع) کے الفاظ بھی بعض نے نقل کیے ہیں۔

(بخاري، البیوع، النھی للبائع ۔۔۔، ح: 2148)

مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(من اشتری شاۃ مصراۃ و ھو بخیر النظرین بعد أن یحلبھا إما ھی و إلا فلیردھا و صاعا من تمر)

(من اشتری شاۃ مصراۃ و ھو بالخیار ثلثۃ أیام فإن ردھا رد معھا صاعا من طعام لا سمراء) (البیوع، حکم بیع المصراۃ، ح: 1524)

''وہ جس نے ایسی بکری خریدی جس کا دودھ تھنوں میں روکا گیا ہوا، اسے تین دن تک واپس کرنے کا اختیار ہو گا۔ اگر واپس کرے تو ایک صاع کھانا بھی دے نہ کہ اناج (گندم وغیرہ)''

جبکہ بعض علماء نے ملکی رائج الوقت خوراک کا ایک صاع دینا بھی جائز قرار دیا ہے۔ جیسا کہ امام نووی شارح صحیح مسلم فرماتے ہیں :

وقال بعض أصحابنا یرد صاعا من قوت البلد و لا یختص بالتمر

اسی طرح ایک صاع کے مطابق قیمت بھی ادا کی جا سکتی ہے۔

ملاحظہ : ایک صاع (حجازی) کا وزن دو سیر گیارہ چھٹانک ہوتا ہے جو کہ رائج الوقت کلوگرام کے پیمانے کے محتاط حساب سے اڑھائی کلوگرام بنتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی